نقش آغاز

راشد الحق سمیع حقانی

"الحق" کے نئے سال کا آغاز

الحمدللہ ماہنامہ الحق اپنی زندگی کی ۳۳ بہاریں پوری کرنے کی بعد ۳۴ ویں بہار میں تائید خداوندی ، عزم واستقلال اور معزز قارئین کی بھرپور توجہات سے داخل ہورہا ہے ۔ اب تک علم وآگہی کے سفر کی کارکردگی ملک وملت کے سامنے نصف نہار کی طرح روشن ہے ۔ اس عرصہ دراز میں "حق" کی اس آواز نے جو کچھ بھی کیا وہ اللہ کی رضا ، ملک وملت اور عالم اسلام کی بہتری اور اصلاح ودعوت دین ومذہب اور جہاد کی سربلندی کی خاطر کیا ۔ آئندہ بھی ماہنامہ "الحق" اپنی سابقہ درخشاں روایات کے مطابق اعلائے کلمات اللہ ، امربالمعروف نہی عن المنکر اور ظالم حکمرانوں کے سامنے کلمہ حق جاری رکھے گا ۔ ماہنامہ الحق کی روزاول ہی سے یہ کوشش رہی ہے کہ وہ نئے دور کے تمام جدید تقاضوں اور ضروریات سے لیس رہے ۔ الحمدللہ اس سلسلہ میں اب تک تمام جدید ذرائع باوجود وسائل کی عدم دستیابی کے اپنائے گئے ہیں ۔ اسی سلسلہ میں ماہنامہ الحق نے جدید دور کا سب سے تیز اور جامع ترین نشرواشاعت کا ذریعہ انٹرنیٹ (Internet) بھی اپنایا ہے ۔ اب ماہنامہ الحق کو ہر قسم کے مقالات ، مضامین ، اہم رپورٹیں اور ڈاک بذریعہ ہمارے ای میل نمبر

E – Mail= haqqania@psh.infolink.net.pk

پر دنیا کے ہر خطہ سے بھیجے جاسکتے ہیں ۔ ماہنامہ الحق اور دارالعلوم حقانیہ کا اگلا ہدف اپنا مستقل ورلڈ وائیڈویب (World Wiede Web) قائم کرنا ہے ۔ جسکے ذریعہ سے ماہنامہ الحق کے اہم مضامین اور دارالعلوم حقانیہ کے بارے میں کروڑوں انسانوں کو بیک وقت منٹوں میں معلومات فراہم ہوسکیں گی ۔ اسکے ساتھ ہماری خواہش ہے کہ عالم اسلام اور دین حنیف کے متعلق یہود وہنود اور عالم کفر ملکر جو منفی پروپیگنڈے کررہے ہیں اور اپنے فاسد نظریات اور باطل عقائد کی دعوت پھیلا رہے ہیں ۔ ان قوتوں کے خلاف بھرپور جہاد انٹرنیٹ کے ذریعہ سے بھی کیا جائے ۔ دینی مدارس اور علماء پر جمود اور تنگ نظری کا لیبل لگانے والوں کی آنکھیں کھل جانی چاہئیں کہ ہم دنیا اور مافیہا سے غافل نہیں ۔ لیکن اس وسعت قلب کے ساتھ ساتھ دارالعلوم و ادارہ الحق کو ملکی بلکہ بین الاقوامی مالیاتی و اقتصادی